# B.A. Part–II (Semester–III) Examination
# URDU
# (Compulsory Language)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

سوال نمبر۱۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالات کے جوابات دیجئے :— 16

(۱) مذہب انسان کی زندگی کو جانوروں کی زندگی سے کس طرح الگ کرتا ہے؟

(۲) مذہب کے بنیادی اصولوں کی وضاحت کیجئے۔

(۳) ماحولیات کی آلودگی کی قسمیں لکھیے۔

(۴) مذہب اور سیاست کا فرق واضح کیجئے۔

(۵) ساتویں منصوبے میں ماحولیات کی بہتری کے لئے کون کون سے اقدامات کیے گئے ہیں؟

(۶) آبی آلودگی کی وضاحت مثال دے کر کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ مندرجہ ذیل میں سے آٹھ اشعار کی تشریح مع حوالہ کیجئے :— 16

(۱) موت کی راہ نہ دیکھوں کہ بن آئے نہ رہے
تم کو چاہوں؟ کہ نہ آؤ تو بلائے نہ بنے

(۲) دیکھے سے اون لبوں کے جسے عمر خضر ہے
پیاسا نہیں ہے چشمۂ آبِ حیات کا

(۳) اے بت پرست دیدۂ بینا ہیں دیکھ توں
یک ذات میں ظہور ہوا کئی صفات کا

(۴) نکتہ چیں ہے غم دل اس کو سنائے نہ بنے
کیا بنے بات جہاں بات بنائے نہ بنے

(۵) غیر پھرتا ہے لئے یوں تیرے خط کو کہ اگر
کوئی پوچھے کہ یہ کیا ہے تو چھپائے نہ بنے

(۶) عہد جوانی رورو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

(۷) اس نزاکت کا برا ہو وہ بھلے ہیں تو کیا
ہاتھ آویں تو انھیں ہاتھ لگائے نہ بنے

(۸) میرے بغل میں خواہشِ دنیا کا بُت نہیں
نکلا ہوں میں نے لات سے سر منات کا

(۹) میں بلاتا تو ہوں اس کو مگر اے جذبۂ دل
اس پہ بن جائے کچھ ایسی کہ بن آئے نہ بنے

(۱۰) الٹی ہوگئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اُس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

سوال نمبر۳۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی چار سوالات کے جوابات لکھیے :— 16

(۱) شمیم کا شرارتی پن زبان میں لکھیے۔

(۲) اردو نثر کے ارتقاء میں صوفیوں کی خدمات تحریر کیجیے۔

(۳) فورٹ ولیم کالج سے وابستہ ادیبوں نے اردو زبان و ادب کی خدمات کس طرح انجام دیں؟

(۴) اردو ادب کے فروغ میں دہلی کالج کی خدمات بیان کیجیے۔

(۵) بھابھی جان، بہن کی تعریف میں کس طرح کے قصیدے پڑھتی تھیں؟

(۶) اردو ادب کی ترقی میں عبدالحلیم شرر کی خدمات لکھیے۔

سوال نمبر۴۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دیجیے :— 16

(۱) کملاکر ''لال باغ'' کا دادا کس طرح بن گیا؟ بیان کیجیے۔

(۲) افسانہ ''لال باغ'' کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔

سوال نمبر۵۔ (الف) کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے :— 8

(۱) پسندیدہ ناول نگار

(۲) پسندیدہ کھیل

8 (ب) مندرجہ ذیل کا اردو میں ترجمہ کیجیے :—

Translate the following passage into Urdu :—

President of India during 1967-1969. Dr. Zakir Husain was an outstanding scholar who had contributed much to the popularization of the Gandhian scheme of the basic national education. The scheme was launched in 1938 and Dr. Husain was the president of the Hindustani Talim Sangh, Sevagram (1938-1948). He was first awarded Padma Vibhushan in 1954 and the Bharat Ratna in 1963. He had been the reciepient of academic honours from various Indian Universities.